© rasailojaraid.com

# وفیات

## حفیظ اللہ بٹ کو صدمہ

مورخہ 10 اگست بروز جمعرات حفیظ اللہ بٹ کی ہمشیرہ محترمہ طویل علالت کے بعد وفات پا گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوٰۃ اور تہجد کی پابند تھیں۔

## حافظ عبداللہ مظہر (بلال ٹاؤن) کو صدمہ

مورخہ 12 اگست بروز ہفتہ حافظ عبداللہ مظہر کے والد محترم مظہر اقبال ہارٹ اٹیک سے وفات پا گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم صوم وصلوٰۃ کے پابند، با اخلاق اور ملنسار انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ شیخ الحدیث مولانا سیف اللہ نے پڑھائی۔

## عبدالرحمٰن ومحمد اشفاق کو صدمہ

مورخہ 15 اگست بروز منگل عبدالرحمٰن ومحمد اشفاق کے والد محترم ماسٹر محمد عنایت ایک ماہ کی علالت کے بعد وفات پا گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم جامع مسجد اہل حدیث فیصل ٹاؤن کے نمازی اور انتہائی نیک انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

## حافظ منظور احمد، مولانا عثمان غنی سلفی ومولانا حسین علی قاسمی (دھریالہ جالپ تحصیل پنڈ دادنخان)

مورخہ 15 اگست بروز منگل حافظ منظور احمد کے بھائی اور مولانا عثمان غنی ومولانا حسین علی قاسمی کے چچا جان کوٹ مومن میں وفات پا گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم صوم وصلوٰۃ کے پابند اور با اخلاق انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ سید فیض الرحمٰن شاہ نے پڑھائی۔

ادارہ ''حرمین'' وجامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)



© rasailojaraid.com